اسٹینڈرڈ چارٹرڈ کارازداری کا نوٹس (پاکستان)

ساتھی کارکنان

اسٹینڈرڈچارٹرڈکارازداری نوٹس (پاکستان)
(ساتھی کارکنان)

1- آپ کےذاتی ڈیٹا کا تحفظ

1.1 *آپ کا ذاتی ڈیٹا ہمارے لیے اہم ہے، اور ہم یہ بات یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ ہم اسے کس طرح استعمال اور محفوظ رکھتے ہیں، آپ کے علم میں ہو۔* ذاتی ڈیٹا ایسی معلومات ہوتی ہیں جو آپ کی شناخت ظاہر کرتی ہیں یا آپ کے بارے میں بطور فرد معلومات فراہم کرتی ہیں۔ اس رازداری کے نوٹس میں، ہم واضح کریں گے کہ ہم آپ کا ذاتی ڈیٹا کس طرح اکھٹا کرتے ہیں، اشتراک کرتے ہیں اور استعمال میں لاتے ہیں۔ ہم آپ کو آپ کے حقوق کے بارے میں بھی بتائیں گے اور یہ کہ آپ انہیں کس طرح استعمال کر سکتے ہیں۔ وقتاً فوقتاً ،ہم آپ کو ایک علیٰحدہ نوٹس میں اضافی رازداری کی معلومات بھی فراہم کر سکتے ہیں۔

1.2 ہمارے ساتھ آپ کی ملازمت یا وابستگی کے دوران، ہم آپ کو مختلف سافٹ ویئر ا یپلی کیشنز اور آن لائن خدمات تک رسائی فراہم کرتے ہیں، مثلاًسروے، تربیتی مواد، اور مواصلاتی ذرائع، وغیرہ۔ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کی اِن ا یپلی کیشنز میں دستیاب اضافی رازداری کی معلومات کا مطالعہ کیجیے، جو واضح کرتی ہیں کہ جب آپ اِن ا یپلی کیشنز اور آن لائن خدمات کو استعمال کرتے ہیں توآپ کے ذاتی ڈیٹا کو کس طرح اکھٹا، استعمال، اور محفوظ کیا جاتا ہے ۔

1.3 رازداری کے اس نوٹس میں ، "ہم"، "ہمیں" یا "ہمارا" سے مراد اسٹینڈرڈ چارٹرڈ پی ایل سی کے تحت کام کرنے والی اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کی شاخ، ماتحت یا قانونی ادارہ ہے جس نے یا تو آپ کوایک معاہدے کے تحت ملازمت فراہم کی ہے یا سروس کے معاہدے کے تحت غیر ملازم کارکن (NEW) یا ڈائریکٹر کے طور پر آپ کی خدمات حاصل کی ہیں، اور وہ ادارہ یا کنٹرولربھی ہے جو اس رازداری کے نوٹس کے تحت آپ کے ذاتی ڈیٹا کو اکھٹا کرنے اور استعمال کرنےکے لیے ذمہ دار ہے۔

1.4 یہ رازداری کا نوٹس بیان کرتا ہے کہ ہم آپ کے بارے میں ذاتی ڈیٹا کوکیسے اکھٹا کرتے ہیں اور اسے استعمال کرتے ہیں اس کا انحصار آپ کے فرض منصبی یا ہمارے ساتھ آپ کی مصروفیت پر ہے:

۱۔ ہمارے ساتھ آپ کی ملازمت کے دوران۔رازداری کے اس نوٹس کی کچھ دفعات سابق ملازمین پر بھی لاگو ہوسکتی ہیں؛ یا
ب۔ ہمارے ساتھ آپ کی ملازمت کے خاتمے کے بعد؛ یا
ج۔ خدمات کے معاہدے کے تحت ، ایک غیر ملازم کارکن ("NEW ") کے طور پر ہمارے ساتھ آپ کی مصروفیت کے دوران، مثال کے طور پر، ایجنسی کارکن یاتیسرے فریق کی حیثیت رکھنے والا فروخت کنندہ کا اہلکار یا مشیر؛ یا
د۔ خدمات کے معاہدے کے تحت، ایک غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی حیثیت سے ،ہمارے ساتھ آپ کی مصروفیت کے دوران جنہیں اجتماعی طور پر **"ساتھی کارکنان"** کہا جاتا ہے۔

1.5 اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ سے مراد اسٹینڈرڈ چارٹرڈ پی ایل سی، اِس کی ذیلی کمپنیاں، اور منسلک ادارے، بشمول ہر شاخ یا نمائندہ دفتر اور اُن میں سے ہر ایک علیٰحدہ طور پر یا اجتماعی طور پرہے۔ اس رازداری کے نوٹس میں فراہم کردہ'ہم سے رابطہ کیسے کریں' کا مطالعہ کیجیے تاکہ اس متعلقہ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کے رکن کی تفصیلات حاصل کر سکیں جو یہ رازداری کا نوٹس فراہم کر رہا ہے۔

1.6 ہماری کچھ ملحقہ ویب سائٹس اپنی الگ شناخت رکھتی ہیں اورفراہم کی جانے والی مخصوص مصنوعات اور خدمات کے لیےعلیٰحدہ رازداری کی پالیسی رکھتی ہیں۔ آپ کو چاہیے کہ اُن ملحقہ اداروں کی ہدایات کے مطابق متعلقہ رازداری کی پالیسیوں کا جائزہ لیں تاکہ یہ معلوم ہو سکےکہ وہ آپ کے ذاتی ڈیٹا کو کس طرح استعمال کرتے ہیں۔ یہ رازداری کا نوٹس اُن تیسرے فریقین کی ویب سائٹس پر لاگو نہیں ہوتاہے جہاں ہمارے آن لائن اشتہارات دکھائے جاتے ہیں یا اُن منسلک تیسرے

فریق کی ویب سائٹس پر، جو ہم نہ چلاتے ہیں اور نہ ہی کنٹرول کرتے ہیں۔ اُن ویب سائٹس کی اپنی رازداری کی پالیسیاں ہونا چاہئیں، جنہیں پڑھ کر آپ یہ جان سکیں کہ وہ آپ کے ذاتی ڈیٹا کو کس طرح اکھٹا اور استعمال کرتے ہیں اور آپ کے حقوق کیا ہیں۔

1.7 جب تک کہ قابلِ اطلاق قانون کے تحت کچھ اور درکار نہ ہو، ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کو صرف اس رازداری کے نوٹس کے مطابق استعمال کریں گے ۔ ہم ایسے اقدامات کریں گے جن سے یہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کے بارے میں جو ذاتی ڈیٹا ہم اکھٹا کرتے ہیں، وہ حسب ضرورت، بامقصد، ضرورت سے زیادہ نہیں، اور محدود مقاصد کے لیے استعمال کیا جائے۔

1.8 ہم آپ کی ذاتی معلومات کو مارکیٹنگ کے مقاصد کے لیے تیسرے فریقین کو فروخت یا اُن کے ساتھ اشتراک نہیں کرتے ہیں۔ آپ کی ذاتی معلومات صرف اِس حد تک استعمال کی جاتی ہیں جتنی ضرورت ہو اور جس قدر ہماری آپ کے ساتھ ملازمت کے تعلق کے تناظر میں معقول طور پر متوقع ہو۔

ساتھی کارکنان میں تنوع اور شمولیت

1.9 ہم ملازمت اور داخلی بھرتی میں مساوی مواقع اور منصفانہ سلوک فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ ہم ایسا ماحول پیدا کرنے کی مزید حمایت کرنا چاہتے ہیں جہاں ہر وہ فرد جو بہتر کارکردگی دکھانے کی صلاحیت رکھتا ہو، اُسے موقع ملے۔ لہٰذا،ہم اپنی بھرتی اور ملازمت سے متعلق پالیسیوں میں مساوی مواقع اور منصفانہ سلوک کو یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہیں۔ ہمارا مقصد یہ ہے کہ ہم کام کرنے کے لیے بہترین جگہ، بینکاری کے لیے بہترین ادارہ، اور خوشحال کمیونٹیز کی تعمیر کے لیے ایک مضبوط ذریعہ بنیں۔

1.10 اسٹینڈرڈ چارٹرڈ میں ہمارا مقصد یہ ہے کہ ہم اپنے بے مثل تنوع کے ذریعے تجارت اور خوشحالی کو فروغ دیں۔ ہمیں معلوم ہے کہ شمولیت کی ماحول کی تشکیل ہماری کاروباری کامیابی کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ یہ ماحول ہماری ٹیموں کو جدت کو فروغ دینے، بہتر فیصلے کرنے، ہماری کاروباری حکمتِ عملی کو مؤثر طریقے سے نافذ کرنے، ہماری اقدار پر مبنی رویوں کو اپنانے، اور"Here for Good"کے جذبے کو عملی شکل دینے کے قابل بناتا ہے۔

1.11 جو آپ کے لیے اہم ہے، وہ ہمارے لیے بھی اہم ہے۔ جب آپ اپنی ذاتی شناخت کے کچھ اضافی پہلوؤں سے متعلق معلومات ہمیں فراہم کرتے ہیں، تو آپ ہمیں اس قابل بناتے ہیں کہ ہم اُس ڈیٹا کی بنیاد پر کام کے حوالے سے ایک زیادہ متنوع اور شمولیت والا ماحول تشکیل دے سکیں۔ ایسے حساس ذاتی ڈیٹا کو، جو تنوع اور شمولیت کے مقاصد کے لیے اکھٹا کیا جاتا ہے، اُسے رازداری کے ساتھ رکھا جاتا ہے اور صرف مجاز افراد کوفراہم کیا جاتا ہے، جیسا کہ نیچے دیے گئے 'استعمال کے مقاصد'اور 'آپ کا ڈیٹا کن افراد یا اداروں کو فراہم کیا جاتا ہے؟' کے سیکشنز میں بیان کیا گیا ہے۔ڈیٹا کے تجزئیے اور مختلف حقیقی تجربات کی تفہیم کے ذریعے، ہمیں اپنی متنوع افرادی قوت کے بارے میں بہتر بصیرت اور فہم حاصل ہوتی ہے۔ اس کے بعد ہم بینک میں کام کے تجربے کو بہتر بنانے کے لیے مزید مؤثر اورخصوصی اقدامات کر سکتے ہیں۔ تنوع اور شمولیت کے حوالے سے جو ڈیٹا آپ ہمیں فراہم کرتے ہیں، اُسے عموماً مجموعی (aggregated) اور بے نام (anonymised) صورت میں جانچا جاتا ہے۔ تاہم، بعض مخصوص صورتوں میں ہم اس ڈیٹا کاجائزہ اور تجزیہ انفرادی سطح پر بھی کر سکتے ہیں اوراستعمال کر سکتے ہیں تاکہ تنوع کی موجودہ سطح کا بہتر اندازہ لگایا جا سکے، باصلاحیت اور متنوع افراد کی شمولیت کو یقینی بنایا جا سکے، اور جن پہلوؤں میں نمائندگی کم ہے، اُنہیں بہتر کیا جا سکے۔

1.12 ہم وقتاً فوقتاً اس رازداری کے نوٹس کو اپ ڈیٹ کرتے رہیں گے۔ آپ اس رازداری کے نوٹس کے آخر میں موجود حالیہ ورژن کی تاریخ دیکھ سکتے ہیں۔ اگر آپ کو اپنے ذاتی ڈیٹا کے بارے میں سوالات یا خدشات ہوں، تو براہ مہربانی، کسی جھجک کے بغیرہم سے رابطہ کیجیے (آپ کو ہمارے رابطے کی تفصیلات نیچے'ہم سے رابطہ کیسے کریں' کے تحت مل جائیں گی)۔

2 . ہم کس قسم کا ذاتی ڈیٹا اکھٹا کرتے ہیں؟

2.1 اس رازداری کے نوٹس کے مقاصد کے لیے، ذاتی ڈیٹاسے مراد جس میں حساس/خصوصی زُمرے کا ذاتی ڈیٹا بھی شامل ہے)ایسی معلومات ہیں جو کسی قابلِ شناخت فرد سے متعلق ہوں۔ ذاتی ڈیٹا میں وہ معلومات شامل نہیں ہوتیں ہیں جو بےنام (anonymous) یا غیر شناخت شدہ-de) (identifiedہوں اور کسی مخصوص فرد سے منسلک نہ ہوں۔ہم اپنے ساتھ آپ کی ملازمت یا وابستگی کے دوران اپنی سرگرمیاں انجام دینے اور ذمہ داریاں پوری کرنے کے لیے درج ذیل اقسام کا ذاتی ڈیٹا اکھٹا، محفوظ اور استعمال کر سکتے ہیں (جس میں وہ ذاتی معلومات بھی شامل ہیں جو آپ نے ملازمت کے لیے درخواست دینے کے موقع پر فراہم کی تھیں) اور جن میں درج ذیل شامل ہیں لیکن صرف اُن ہی تک محدود نہیں ہیں:

- **شناختی ڈیٹا** – ایسی معلومات جو منفرد یا نیم منفرد طریقے سے آپ کو شناخت کرتی ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ کا نام، آپ کی صنف، آپ کی تاریخ پیدائش، آپ کی قومیت، زندگی کی حیثیت کے واقعات، خاندان کے افراد اور زیر کفالت افراد، آپ کی تصاویر، سی سی ٹی وی اور ویڈیو ریکارڈنگز، ویڈیو، تصویری مواد، اور شناخت کے دیگرعوامل، بشمول دفتری/سرکاری شناختی دستاویزات جیساکہ قومی شناختی نمبر، ڈرائیور کا لائسنس، پاسپورٹ نمبر اور ٹیکس شناختی نمبر، وغیرہ۔
- **رابطے کا ڈیٹا** – ایسی معلومات جو آپ سے رابطہ کرنے، پیغام بھیجنےیا بات چیت کرنے کے قابل بناتی ہیں۔ مثال کے طور پر آپ کا ای میل کا پتا، آپ کا فون یا موبائل نمبر، آپ کا رہائشی پتا، اور ہنگامی رابطے کی تفصیلات۔
- **پیشہ ورانہ ڈیٹا** – ایسی معلومات جو آپ کے تعلیمی یا پیشہ ورانہ پس منظر سےتعلق رکھتی ہوں۔ مثال کے طور پر، آپ کی تعلیمی قابلیت (جیسا کہ آپ کی یونیورسٹی یا اسکول کی ڈگریاں/اسناد اور دیگر تعلیمی کامیابیاں)، عہدہ، ادارے کے اندر ملازمت کے لیے درخواستیں، انٹرویو کے نوٹس، حوالہ جات، اسناد، قابلیتیں، کارکردگی کا جائزہ، زمانہ طالب علمی کا شناختی کارڈ، وزٹنگ/بزنس کارڈ کی معلومات، ملازم کا شناختی نمبر، موجودہ ملازمت کی تفصیلات (جس میں تنخواہ/بونس اور ملازم کے فوائد کی اسکیم شامل ہے)، تعارفی خاکہ(resume)/سوانحی خاکہ برائے ملازمت (curriculum vitae)، پیشہ ورانہ قابلیتیں، حوالہ جات، اور ورک ویزا) وغیرہ۔
- **مالی اور معاوضے کا ڈیٹا** – ایسی معلومات جو آپ کی مالی کیفیت، پس منظر، حیثیت اور (ضرورت کے مطابق) سابقہ مالی تفصیلات کی شناخت کرتی ہیں۔ مثال کے طور پر تنخواہ، تنخواہ کی پرچیاں (payslips)، بونس کی تفصیلات، بینک اکاؤنٹ کی معلومات، ٹیکس سے متعلق شناختی نمبر، پنشن، برخاستگی کے وقت کی گئی ادائیگی کی تفصیلات، اور دیگر مالی معلومات۔
- **جیوگرافیائی محل وقوع کا ڈیٹا** – ایسی معلومات جو کسی ڈیوائس کے مقام کو ظاہر کرتی ہیں یا اُس پر مشتمل ہوتی ہیں۔آن لائن شناخت کنندگان جیسا کہ انٹرنیٹ پروٹوکول (IP) پر مشتمل پتے، کوکیز (cookie) جو شناخت کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہوں، اور دیگر شناخت کنندگان جیسا کہMAC ایڈریسز، اشتہاری آئی ڈیز، پکسل ٹیگز، اکاؤنٹ ہینڈلز، ڈیوائس فنگرپرنٹس یا دیگر ڈیٹا جو کوکیز اور دیگر ٹریکنگ ٹیکنالوجیز کے ذریعے اکٹھا کیا جاتا ہے،مثال کے طور پر، آپ کا انٹرنیٹ پروٹوکول پتا (IP address) یا آپ کا کوکی (cookie) شناخت کنندہ۔
- **کوکیز – (cookies)** جب آپ ہمارے گروپ کی ویب سائٹس پر جاتے ہیں اور براؤز کرتے ہیں یا ایپلی کیشنز ستعمال کرتے ہیں، بشمول ہمارے تیسرے فریق کی حیثیت رکھنے والے سروس فراہم کنندگان کی ویب سائٹس اور ایپلی کیشنز، تو ہم آپ کی ڈیوائس سے کچھ معلومات از خوداکھٹا کرنے کے لیے کوکیز کا استعمال کرسکتے ہیں۔ ہم ایسی معلومات کو، جہاں ضروری ہو، رسائی میں سہولت فراہم کرنے، داخلی تجزیے اور مسائل کے حل، آپ کی شناخت اور ترجیحات کو یاد رکھنے، کام کے ماحول کے معیار کو بہتر بنانے اور اپنے مواد کو آپ کے لیے ذاتی نوعیت دینے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔
- **ذاتی تعلقات کا ڈیٹا** – ایسی معلومات جن میں آپ کے/کی شریکِ حیات، بچوں، یا ساتھی کی تفصیلات، اور ایسے تعلقات یا قریبی روابط شامل ہوں جو افراد یا اداروں کے درمیان ہوں اور

آپ کی شناخت متعین کر سکیں۔ مثال کے طور پر: سیاسی طور پر نمایاں شخصیت، عوامی عہدے دار، مؤکل، قریبی ذاتی یا قریبی مالی روابط۔

- **مواصلاتی ڈیٹا** – آواز ، پیغام رسانی ، ای میل ، ویڈیو اور / یا آ ڈیو ریکارڈنگ ، اور دیگر مواصلات میں شامل آپ سے متعلق معلومات ، مثال کے طور پر، آن لائن فارم ، آن لائن مواصلاتی چینلز یا مواصلات کے کسی دوسرے منظور شدہ چینلز کے ذریعہ۔
- **سسٹم ، ڈیوائس اور ایپلی کیشن ڈیٹا** – اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کےسسٹمز اور ایپلی کیشنز بشمول لاگ (logs)، صارف آئی ڈی (user ID)، آئی پی پتا (IP address)، ای میل اکاؤنٹس ، انسٹنٹ میسیجنگ کے اکاؤنٹس ، پاس ورڈز ، رسائی لاگ (access logs) ، سرگرمی لاگ (activity logs) سمیت آپ کی رسائی سے متعلق معلومات۔
- **طرز عمل کا ڈیٹا** – اس میں ایسی تجزیاتی معلومات شامل ہوتی ہیں جو آپ کے ذریعے اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کےسسٹم اور ایپلی کیشنز کے عام استعمال کی وضاحت کرتی ہیں۔ مثال کے طور پر ، ویب براؤزنگ ۔
- **قبل ازمصروفیت کا ڈیٹا** – معلومات بشمول حوالہ جات، انٹرویو نوٹ، ملازمت کی درخواست کی تفصیلات، ملازمت سے پہلے کے پس منظر کی جانچ، اور سابقہ ملازمت کی تفصیلات (بشمول تنخواہ / بونس اور ملازمین کے فوائد اسکیم)، نصاب کی جانچ پڑتال / تعلیمی و پیشہ ورانہ خاکہ (resume)، پیشہ ورانہ قابلیت، حوالہ جات، اور ورک ویزا، وغیرہ۔
- **کارکردگی کا ڈیٹا** – کام پر آپ کی کارکردگی سے متعلق معلومات، کارکردگی کی درجہ بندی، جائزے اور بہتری یا ترقیاتی منصوبے، قدر شناسی کا ایوارڈ ، وغیرہ۔
- **تحقیقات،تادیبی اقدامات، استغاثہ اورتکالیف کا ڈیٹا** – انٹرویو نوٹ، میٹنگ نوٹ، ریکارڈنگ، خط و کتابت، شکایات کی تفصیلات اور اسپیکنگ اپ رپورٹ اور تصفیے کا کوئی انتظام شامل ہے۔
- **برطرفی اور علیٰحدگی کا ڈیٹا** – برطرفی یا استعفے کی وجوہات سمیت معلومات ۔
- **کوئی اور ذاتی معلومات** جو آپ ہمیں اپنے بارے میں فراہم کرتے ہیں۔

2.2 بعض اوقات ہمیں آپ کے بارے میں زیادہ حساس ذاتی ڈیٹا اکھٹا کرنے کی ضرورت ہوسکتی ہے، ، لیکن ایسا ہم صرف آپ کی رضامندی سے یا جہاں قانون کے ذریعے اجازت دی گئی ہو، کرتے ہیں۔ جہاں ہم آپ سے حساس ذاتی ڈیٹا اکھٹا کرتے ہیں اور آپ کی رضامندی قانونی طور پر ضروری ہوتی ہے، مثال کے طور پرتنوع اور شمولیت کے ڈیٹا کے حوالے سے، تو آپ کے پاس یہ انتخاب ہوتا ہے کہ آپ ایسا ذاتی ڈیٹا فراہم نہ کریں۔آپ جس حد تک معلومات اکھٹا کرنے کی رضامندی دیتے ہیں، یہ قطعی طور پر آپ پر منحصر ہے۔

اس حساس ذاتی ڈیٹا میں (جسے بعض اوقات خصوصی زمرے کے ذاتی ڈیٹا کہا جاتا ہے) ایسی چیزیں شامل ہوسکتی ہیں:

- **نسلی یا قومی نسب کاکا ڈیٹا**
- **صنفی شناخت کا ڈیٹا** – بشمول شناخت شدہ صنف اور کیا یہ پیدائش کے وقت کی صنف کے برابر ہےاور یہ بھی کہ آیا یہ صنف پیدائش کے وقت درج صنف کے مطابق ہے یا اس سے مختلف ہے۔
- **بائیومیٹرک ڈیٹا** –ایسی معلومات جو آپ کو جسمانی طور پر شناخت کرتی ہیں، مثال کے طور پر، چہرے کی شناخت کی معلومات، انگلیوں کے نشانات یا آواز کی شناخت کی معلومات،وغیرہ۔
- **صحت کے بارے میں ڈیٹا** – آپ کی صحت سے متعلق معلومات بشمول جسمانی صحت، ذہنی صحت، پیشہ ورانہ صحت اور معذوری کی نوعیت، بیماری کے ریکارڈز اور دیکھ بھال تک محدود نہیں ہے۔
- **مزدور یونین کی رکنیت** – اگرکسی دائرہ کار سے تعلق رکھتی ہو۔
- **مجرمانہ سزاؤں، کارروائیوں یا الزامات کا ڈیٹا** – مجرمانہ سزاؤں یا متعلقہ معلومات کے بارے میں معلومات جو ہم اپنی مالی جرائم کی روک تھام کی ذمہ داریوں کے سلسلے میں شناخت کرتے ہیں، مثال کے طور پر، کسی بھی مجرمانہ سزا یا متعلقہ معلومات کے بارے میں تفصیلات۔ اس میں جرائم یا مبینہ جرائم یا سزاؤں کی تفصیلات شامل ہیں۔

2.3 جہاں ہمیں کسی جائز ضرورت کے تحت خصوصی زُمرے کے ذاتی ڈیٹا یا حساس ذاتی ڈیٹا کو اُن مقاصد کے لیےاستعمال کرنے کی ضرورت ہو ،جو اوپر بیان نہیں کیے گئے، تو ہم ایسا صرف آپ کو پیشگی اطلاع فراہم کرنے کے بعدکریں گے، اور اگر قانون کے تحت ضروری ہو، تو آپ کی واضح، پیشگی رضامندی حاصل کریں گے۔

2.4 ہم خصوصی زُمرے کے ذاتی ڈیٹا اور حساس ذاتی ڈیٹا کو ہمیشہ مکمل رازداری کے ساتھ برتیں گے، اورایسے ڈیٹا کا صرف اندرونی طور پر اس وقت اشتراک کریں گے جب اس کے لیے کوئی مخصوص اور جائز مقصد موجود ہو۔جیسا کہ نیچے بیان کیا گیا ہے، ہم نے مناسب طبعی، تکنیکی، اور تحفظ کے ادارتی اقدامات لاگوکیے ہیں، جو آپ کے ذاتی ڈیٹا کو حادثاتی نقصان اور غیر مجاز رسائی، استعمال، ترمیم، یا افشا سے محفوظ رکھنے کے لیے تیار کیے گئے ہیں۔

2.5 ہم عام طور پر آپ کا ذاتی ڈیٹا براہ راست آپ سے حاصل کرتے ہیں، لیکن جہاں ضروری ہو، ہم آپ کا ذاتی ڈیٹا دیگر ذرائع سے بھی حاصل کر سکتے ہیں، جن میں درج ذیل ذرائع شامل ہیں :

- **جن لوگوں کو آپ جانتے ہیں** – جیسا کہ:
  - آپ کے سابق آجرین (صرف اُس صورت میں کہ آپ رضاکارانہ طور پر ہمیں حوالہ کے خطوط فراہم کرتے ہیں)
  - بھرتی کرنے والے ادارے
- **کاروبار ی اور دیگر ادارے** – جیسا کہ :
  - آپ کا آجر اور / یا کمپنی ، کاروباری ادارہ ، یا وہ ادارہ جس کی آپ نمائندگی کرتے ہیں یا آپ سے تعلق رکھتے ہیں (غیر ملازم کارکنان کے لیے)
  - کریڈٹ ریفرنس اور دھوکہ دہی کی روک کی تھام کرنے والے ادارے
  - مجرمانہ یکارڈ کا بیورو

2.6 نابالغ افراد کا ڈیٹا

ہم نابالغ افراد (کم عمر بچوں) سے متعلق معلومات اُس وقت اکھٹا اوراستعمال کر سکتے ہیں جب آپ یہ معلومات رضاکارانہ طور پر، جیسا کہ طبی بیمہ کے فوائد کی غرض سے فراہم کرتے ہیں، یا جب متعلقہ قانون اس کی اجازت دیتا ہے۔ہم ہمیشہ نابالغ افراد کے ڈیٹا کو رازداری میں رکھتے ہیں، اور ایسی معلومات کو صرف اندرونِ ادارہ یا خدمات فراہم کرنے والے کسی تیسرے فریقین کے ساتھ اُسی صورت میں اشتراک کرتے ہیں جب اس کا کوئی واضح اور جائز مقصد ہو۔جیسا کہ نیچے بیان کیا گیا ہے، ہم نے آپ کے ذاتی ڈیٹا کو حادثاتی نقصان، غیر مجاز رسائی، استعمال، ترمیم یا افشا ءسے محفوظ رکھنے کے لیے مناسب طبعی، تکنیکی، اورادارتی حفاظتی اقدامات لاگوکیے ہیں۔

3- ہم آپ کا ذاتی ڈیٹا کیوں اکھٹا کرتے ہیں؟

3.1 ہم آپ کا ذاتی ڈیٹا اس لیے اکھٹا کرتے ہیں تاکہ ہم ملازمین کا ریکارڈ مؤثر انداز میں رکھ سکیں اور اپنا کاروبار چلا سکیں۔

3.2 ہم ذاتی ڈیٹاتنوع اور شمولیتی مقاصد کے لیے اکھٹا کرتے ہیں، کیونکہ ہم ملازمت اور بھرتی میں مساوی مواقع اور منصفانہ سلوک فراہم کرنے اور اپنی تنوع اور شمولیتی حکمت عملی اور مقاصد کو آگے بڑھانے کے لیے پرعزم ہیں (نیچے 'تنوع اور شمولیت' دیکھیے)۔ یہ ایک ایسا حلقہ بھی ہے جہاں قانونی اور انضباطی تقاضوں میں اضافہ ہو رہا ہے ، حکومت کے ساتھ ساتھ انضباطی ادارے بھی تنوع اور شمولیتی نگرانی کے سلسلے میں ڈیٹا کی درخواست کر رہے ہیں۔

3.3 ہم عام طور پر آپ کے ذاتی ڈیٹا کو قابل اطلاق قانون کے ذریعہ حاصل شدہ اجازت یا ضرورت کے مطابق اور ، قانوناً لازمی طور پر، آپ کی رضامندی کے ساتھ استعمال کرتے ہیں ، جن میں ذیل قانونی وجوہات شامل ہیں:

- **معاہدہ** –جب ہم معاہدے کی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہوں۔
- **قانونی ذمہ داری** – جب ہمیں قوانین اور ضوابط کی تعمیل کرنے کی ضرورت ہو۔
- **جائز مفاد** – جب یہ استعمال کے لیے ہمارے جائز مفادات کے دائرہ کار میں آتا ہو۔

- **اہم مفاد** – جب اس کا استعمال آپ کے اہم مفادات یا کسی دوسرے حقیقی شخص کے مفادات کے تحفظ کے لیے ضروری ہو، مثال کے طور پر ہنگامی طبی نگہداشت کی صورت میں۔
- **ٹھوس عوامی مفاد**–جب اس کے استعمال کا مقصد وسیع تر عوامی مفاد میں ہو۔اس میں مواقع کی برابری یا اعلیٰ سطحوں پر نمائندگی بھی شامل ہے۔

3.4 ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کو جس مقصد کے لیے استعمال کرتے ہیں، اُسے عموماً 'ڈیٹا کے استعمال کے مقاصد' کہا جاتا ہے، اور یہ نیچے تفصیل سے بیان کیے گئے ہیں:

3.5 استعمال کے مقاصد

ضرورت کے مطابق، ہم آپ کا ذاتی ڈیٹا مندرجہ ذیل مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہیں:

3.6 داخلی ملازمت میں منتقلی کے لیے آپ کے ڈیٹا کی جانچ کرنا اور استعمال کرنا

اس میں شامل ہیں:

- گروپ کے اندر عارضی تبادلہ اور منتقلی پر عمل درآمد

3.7 آپ کی ملازمت کےانعامات، فوائد اور ترقی سمیت اپنے تعلقات کا نظم و نسق

اس میں شامل ہیں:

- ماضی میں آپ کی ملازمتوں کا ریکارڈ (employment history) برقرار رکھنا۔
- پے رول کا نظم و نسق اور پے رول کا بندوبست کرنا
- ٹیکس کا حساب اور ادائیگیوں کا انتظام
- ملازمین کی حوصلہ افزائی کے لیے پوائنٹ اور پوائنٹ کے بغیر سسٹمز پر مبنی شناختی پلیٹ فارمز کا بندوبست کرنا اور خصوصی تعریفی مہمات چلانا
- حصص کی اسکیم انتظامیہ کا نظم و نسق
- اگر قابل اطلاق ہو تو ورکس کونسل کی رکنیت سے متعلق امور کی دیکھ بھال
- پنشن اور پنشن کی انتظامیہ کا نظم و نسق (جہاں کہیں قابل اطلاق ہو)
- صحت کی دیکھ بھال کے فوائد سمیت ملازمین کےدیگر فوائد کی فراہمی کا انتظام کرنا
- بیماری، زچگی، رضاکارانہ خدمات، اور دیگر قسم کی چھٹیوں کا نظم و نسق کرنا
- داخلی (SABA/DiSCover) یا بیرونی پلیٹ فارموں کے اندر لازمی اور / یا اختیاری تربیت فراہم کرنا
- دنیا بھر میں اپنی مواصلات کا نظم و نسق (یعنی، ای میل)
- شکایات نمٹانا
- پیشہ ورانہ صحت کے حوالہ جات
- لچکدار کام کے انتظامات کی نگرانی اور انتظام

3.8 ملازمین کی کارکردگی کا نظم و نسق

اس میں شامل ہیں:

- ملازمین کی ترقی کا نظم و نسق (بشمول تسلسل اور شفافیت کی جانچ، اور نتائج کا تجزیہ) اور جانشینی کی منصوبہ بندی
- کارکردگی اور تنخواہ کا نظم و نسق،مثال کے طور پر،سال کے آخر میں جائزہ، مساوی تنخواہ کی جانچ، تنخواہوں کا معیار طے کرنا ، اندرونی اور بیرونی رپورٹنگ کے لیے تجزیہ۔
- تادیبی کارروائی سمیت کسی بھی ایسی کارروائی کی نگرانی کرناجو آپ کے طرزِ عمل یا کارکردگی کی بنیاد پر زیر غور ہو، شروع کی گئی ہو، یا عمل میں لائی گئی ہو۔
- برخاستگی کے بعد ملازمت کے معاہدے کے تحت متعلقہ ادائیگیوں کا انتظام کرنا

3.9 بھرتی کے پورے عمل میں تنوع اورشمولیت کی نگرانی اور ملازمت کے امیدواروں کی غیر مساوی نمائندگی سے نمٹنا

اس میں شامل ہیں:

- بھرتی کے عمل کے دوران تنوع اور شمولیتی آبادیات کے حوالے سے اختیاری سوالات کا تجزیہ کرنا اور ملازمت کے پورے دورانیے میں اندرونی بھرتی کے عمل کے دوران بھی تنوع کی سطح کا اندازہ لگانا اور اِن معلومات کا غیر مصدقہ مجموعی رپورٹوں کے طور پر جائزہ لینا۔
- تنوع اور شمولیت کی بنیاد پر خصوصی بھرتی کرنے والوں کو مجموعی اور غیر معمولی سطحوں پر تنوع اور شمولیت کی بنیاد پرآبادیاتی ڈیٹا کا جائزہ لینے اور تجزیہ کرنے کی اجازت دینا۔
- تنوع اور شمولیت کی بنیاد پر بھرتی کرنے والے خصوصی ماہرین کو مخصوص معاملات میں انفرادی طور پر ملازمت کے لیے شناخت شدہ فرض منصبی کی سطح پر تنوع اور شمولیت کے آبادیاتی ڈیٹا کا جائزہ لینے کی اجازت دینا تاکہ بھرتی کے عمل میں کم نمائندگی کو دور کیا جاسکے۔

3.10 اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کے اندر ملازمین کے تنوع اور شمولیت کی سطح کی نگرانی اور برقرار رکھنا

اس میں شامل ہیں:

- اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کےاندر مختلف سطحوں پر، بشمول از سرنو ترتیب دینےاور فروغ کے دوران، تمام اقسام کے حساس ذاتی ڈیٹا پر مشتمل تنوع اور دشمولیتی ڈیٹابیس کی مجموعی اور بے نام سطح پر نگرانی اور دیکھ بھال کرنا۔
- اجتماعی طور پر اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کے اندر تنوع اور شمولیتی ڈیٹا کا مجموعی اور بےنام حیثیت میں جائزہ لینا۔
- ذاتی طور پر شناخت شدہ چھوٹے گروپوں کے اندر تنوع اور شمولیتی ڈیٹا کا جائزہ لینا ، جیسا کہ انفرادی اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کمپنی ، اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ بزنس / فنکشن کی ٹیمیں یا ملازمت کے کردار کی سطحیں۔
- مجموعی اور / یا ذاتی طور پر قابل شناخت سطح پر جانشینی کی منصوبہ بندی میں مساوی مواقع کو یقینی بنانے کے لیے
- مجموعی اوربے نام سطح پر تنوع اور شمولیتی ڈیٹا کی پیمائش اور معیار مقرر کرناتاکہ اسٹینڈرڈچارٹرڈ گروپ میں کام کی جامع اورمتنوع جگہ کے قیام میں ہماری پیش رفت کا جائزہ لیا جا سکے اور دیگر بیرونی اداروں کے مقابلے میں اسے جانچا جا سکے۔

3.11 ملازمین میں تنوع اور شمولیت سے متعلق اقدامات کی کارکردگی کی نگرانی اور رپورٹنگ

اس میں شامل ہیں:

- ملازمین کے سروے کے ذریعے تنوع کے مختلف پہلوؤں سے متعلق مجموعی اور بے نام سطحوں پر تنوع اور شمولیت اعداد و شمار کی نگرانی اور جائزہ لینا اورملازمین کے اطمینان و جذبات کا جائزہ لینا۔
- داخلے، ترقی اور ملازمین کو برقرار رکھنے کے رجحانات کی نشاندہی کے لیے تنوع اور شمولیت سے متعلق ڈیٹا کا تجزیہ کرنا، جو مجموعی اور بے نام سطح پر ہونے کے علاوہ انفرادی سطح پر قابل شناخت بھی ہو۔ اس میں مخصوص افراد سے متعلق آبادیاتی ڈیٹا کا تجزیہ بھی شامل ہے، جوتنوع پر مرکوز بھرتی کی ٹیموں اور متعلقہ انسانی وسائل کے ماہرین کی جانب سے کیا جاتا ہے۔
- اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ میں مجموعی اور بے نام سطح پر تنوع کی سطحوں کی نگرانی اور رپورٹنگ کرنا۔
- چھوٹے گروپوں کے اندر، جیسا کہ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کا انفرادی رُکن، اسٹینڈرڈ چارٹرڈ کے کاروبار/فنکشن کی ٹیموں یا ملازمت کے درجوں کی سطح پر، مجموعی اور بے نام انداز میں تنوع کی سطحوں کی نگرانی اور رپورٹنگ کرنا۔
- مجموعی اور بے نام سطح پرتنوع اور شمولیتی ڈیٹا کا جائزہ لینا تاکہ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ میں کم نمائندگی کے مسئلے کو حل کرنے کی غرض سے ایکشن پلان تیار کیا جا سکے جن میں چھوٹے گروہ جیسا کہ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کا انفرادی رُکن یا اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کی کاروبار/ فنکشن کی ٹیمیں۔

3.12 نقل و حرکت کی خدمات کا نظم و نسق

اس میں شامل ہیں:

- کھیپ، عارضی رہائش، پرواز کے ٹکٹ، نقل مکانی، ورک پرمٹ کی جانچ پڑتال اور درخواستوں جیسی منتقلی کی خدمات فراہم کرنا ۔

3.13 ملازمین کے سروے اور کارپوریٹ امور کی مہمات کا انتظام

اس میں شامل ہیں:
- ملازمین کے سروے انجام دینا
- سمعی/بصری کارپوریٹ امور کی مہمات سر انجام دینا

3.14 اپنا کاروبار چلانا

اس میں شامل ہیں:
- اپنے ملازمین کے طرز عمل کے ڈیش بورڈ کا انتظام
- پیداواری صلاحیت کے نظم و نسق اور استعداد کی منصوبہ بندی کو ممکن بنانے کے لیے کام کے بوجھ کے توازن کا تجزیہ اور جانچ کرنا۔
- ٹائم شیٹ کے مقاصد کے لیے پیداواری صلاحیت کا نظم و نسق اور استعداد کی منصوبہ بندی کو ممکن بنانا، اور ٹائم شیٹس کی توثیق کرنا۔
- ملازمین کو برقرار رکھنے (Retention) اور ادارہ چھوڑنے (Attrition) کی شرح کا جائزہ لینے اور بہتر طور پر سمجھنے کے لیے ڈیٹا کا تجزیہ کرنا۔
- اپنی افرادی قوت کے تنوع اور شمولیت کو بہتر بنانا
- اسپیکنگ اپ پروگرام کے لیے سہولت فراہم کرنا اور تحقیقات کرنا
- مفادات کے ممکنہ تصادم کا جائزہ لینا

3.15 اپنے لوگوں کو محفوظ رکھنا

اس میں شامل ہیں:
- عمارت میں داخلے کے لیے شناخت کی تصدیق کے سلامت ہونے جانچ پڑتال کرنا۔
- دھوکا دہی اور / یا چوری جیسےدیگر جرائم کا سراغ لگانے اور ان کی روک تھام کی غرض سے اپنے احاطے میں سی سی ٹی وی نگرانی کی ریکارڈنگ کا استعمال کرنا۔
- اپنے احاطے میں دھوکا دہی اور/یا دیگر جرائم جیسا کہ چوری کا سراغ لگانے اور اسے روکنے کی غرض سے نگرانی کے لیے استعمال ہونے والے سی سی ٹی وی کی ریکارڈنگ کا استعمال کرنا۔
- اپنی املاک اور احاطے میں پیش آنے والے واقعات یا ہنگامی حالات کی تحقیقات اور رپورٹنگ کرنا
- صحت اور تحفظ کی تعمیل کے دیگر مقاصد کے لیے

3.16 مالی جرائم کا پتا لگانا، تحقیقات کرنا اور اُن کی روک تھام

اس میں شامل ہیں:
- اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کے اندر تحقیقات کرنا
- جس حد تک متعلقہ قانون اجازت دیتا ہے،کریڈٹ ریفرنس ایجنسی کے ذریعے کھوج لگانا، پابندیوں کی جانچ پڑتال اور مجرمانہ ریکارڈ کی جانچ سمیت ملازمت سے پہلے یا وابستگی سے متعلق شناخت کی تصدیق کی جانچ کرنا ۔
- جس حد تک متعلقہ قانون اجازت دیتا ہے،اپنے ساتھ کی جانے والی صوتی اور برقی مواصلت کو ریکارڈ کرنا اور نگرانی کرناتاکہ ہماری قانونی اور انضباطی ذمہ داریوں اور اندرونی پالیسیوں پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جا سکے۔
- جس حد تک قانون اجازت دیتا ہے، اپنے ساتھ ہونے والی صوتی اور برقی مواصلات کی ریکارڈنگ اور نگرانی کرنا تاکہ قانونی و انضباطی ذمہ داریوں اور اندرونی پالیسیوں کی پاسداری کو یقینی بنایا جا سکے۔

3.17 قابل اطلاق قوانین، ضوابط اور دیگر تقاضوں کی تعمیل

اس میں شامل ہیں:
- تیسرے فریقین کوحوالہ جات فراہم کرنا
- قانون کے مطابق درکار متعلقہ معلومات کو شائع کرنا اور افشا کرنا، جیسے کہ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ میں مطلوبہ انکشافات
- اپنے تعلقات کا نظم و نسق کرنے، روزگار کے ریکارڈ تیار کرنے اور انہیں برقرار رکھنے، اور انعامات، فوائد اور ترقی کا نظم و نسق کرنے کے لیے
- اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کے اندر تحقیقات کرنا (جس میں اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کی پالیسیوں کی تعمیل کی شناخت اور تحقیقات شامل ہیں)۔
- کسی بھی مقامی یا غیر ملکی سرکاری اتھارٹی کی جانب سے اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کی برانچ، ذیلی یا قانونی ادارے کے بارے میں کی جانے والی تحقیقات، معائنے یا آڈٹ کے سلسلے میں انکشاف اور دریافت کی ذمہ داریوں کی تعمیل کرنا، جس میں ایسی سرگرمی بھی شامل ہے جس میں آپ کے فرض منصبی اور کسی بھی واقعہ یا تحقیقات یا شکایات سمیت دیگر باقاعدہ سرگرمیوں سے متعلق مطلوبہ معلومات کا انکشاف پایا جاتا ہو۔
- قانونی تنازعات سے متعلق انکشاف اور دریافت کی ذمہ داریوں کی تعمیل
- جہاں کہیں اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کام کرتا ہےوہاں متعلقہ مقامی اور غیر ملکی قوانین، ضوابط، قواعد، ہدایات، فیصلے یا عدالتی احکامات، درخواستوں،رہنما اُصولوں، حکومتی پابندیوں، تجارتی پابندیوں، رپورٹنگ کے تقاضوں، ممانعت، کسی بھی اتھارٹی (بشمول مقامی یا غیر ملکی ٹیکس حکام)، عدالت یا ٹریبونل، انضباطی ادارے، نفاذ کرنے والے ادارے یا تبادلہ کرنے والے ادارے سے کیے گئے مطالبات یا معاہدوں کی تعمیل کرنا۔
- اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کے کسی بھی متعلقہ دائرہ اختیار میں، قانونی،انضباطی،سرکاری، ٹیکس، قانون نافذ کرنے والے یا دیگر حکام، یا خود انضباطی یا صنعتی تنظیموں یا مالیاتی خدمات فراہم کرنے والوں کی انجمنوں کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ کسی بھی رضاکارانہ ہدایات یا سفارشات پر عمل کرنا۔

3.18 اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کے قانونی حقوق کا استعمال اور قانونی چارہ جوئی کرنا

اس میں شامل ہیں:
- اپنے حقوق کا تعین کرنا، اُن کا استعمال کرنا اور اپنے حقوق اور مفادات کو پہنچنے والے نقصان سے بچانا۔
- جیسا کہ ضروری ہو، کسی بھی ممکنہ قانونی چارہ جوئی یا تحقیقات کے لیے ثبوت کے طور پر درکار ریکارڈ کو محفوظ رکھنا۔
- اپنے یا اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کے کسی دوسرے رکن کے حقوق کے نفاذکی غرض سے قانونی چارہ جوئی کرنا۔
- پیشہ ورانہ رائےحاصل کرنا۔
- بیمے کے دعویٰ کی تحقیقات کرنا یا اسے دائر کرنا۔
- بیمے سے متعلق کسی بھی معاملے، اقدام یا کارروائی کا جواب دینا۔
- کسی بھی موجودہ یا ممکنہ قانونی، انضباطی ، یا صنعتی اداروں یا ان کی انجمنوں سے متعلق معاملے، اقدام یا کارروائی کا جواب دینا یا اس کا دفاع کرنا۔

3.19 سابق ملازمین کے ساتھ رابطے میں رہنا ۔

اس میں شامل ہیں:
- سابق ملازمین کو اسٹینڈرڈ چارٹرڈ ایلمنائی گروپ یا اسٹینڈرڈ چارٹرڈ ٹیلنٹ نیٹ ورک میں شمولیت کی دعوت دینا۔
- بھرتی کی مارکیٹنگ کے مواد کا اشتراک کرنا۔
- اسٹینڈرڈ چارٹرڈ ٹیلنٹ نیٹ ورک کی تقریبات میں شرکت کرنا۔

3.20 ملازمین کی نگرانی

3.21 کاروباری مواصلات صرف مواصلات اور تعاون کے ٹولز کا استعمال کرتے ہوئے اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کے نظام اور نیٹ ورکس کے ذریعے کرنا چاہئے۔گروپ الیکٹرانک اور وائس کمیونیکیشن اسٹینڈرڈ کے مطابق، ساتھیوں کی جانب سے کی جانے والی کوئی بھی کاروباری مواصلات، چاہے وہ ذاتی آلات پر ہی کیوں نہ کی گئی ہو، گروپ کی جانب سے کی گئی مواصلات تصور کی جائے گی نہ کہ ذاتی حیثیت میں۔

3.22 ضرورت کے مطابق اور قابلِ اطلاق قانون کے تحت دی گئی اجازت کی حد تک، ہم اس بات کی نگرانی کر سکتے ہیں کہ آپ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کے سسٹمزاور نیٹ ورکس کو کس طرح استعمال کرتے ہیں تاکہ(i)اپنے سسٹمزاور نیٹ ورکس کے غلط استعمال کی نشاندہیاور اُن کی دیکھ بھال کر سکیں؛ (ii) اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کے ڈیٹا تک غیر مجاز یا غیر قانونی رسائی، یا اس کے حادثاتی نقصان، تباہی یا ضرر کے خلاف تحفظ فراہم کر سکیں؛ (iii) تربیت اور سروس کے معیار کی نگرانی کر سکیں؛ (iv)اورجرائم کی کا پتا لگا کر اُن کی روک تھام کر سکیں۔

3.23 ہم کچھ ویب سائٹوں تک رسائی کو روکنے کے لیے انٹرنیٹ بلاکنگ سافٹ ویئر استعمال کرتے ہیں. مانیٹرنگ رپورٹس تیار کی جاتی ہیں جس میں تفصیل سے بتایا جاتا ہے کہ کس نے ممکنہ طور پر بلاک کی گئی سائٹ تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش کی ہے اور کب۔ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کی پالیسیوں، قانون یا ضابطوں کی مبینہ خلاف ورزی کی صورت میں ان رپورٹس کا جائزہ لیا جا سکتا ہے۔

4. ہم مصنوعی ذہانت یا خودکار فیصلہ سازی کا استعمال کب کرتے ہیں؟

4.1 ہم، قابلِ اطلاق قانون کے تحت دی گئی اجازت کی حد تک، مصنوعی ذہانت اور مشین لرننگ استعمال کر سکتے ہیں تاکہ اپنی مواصلات کی صلاحیتوں اور ملازمین کے تجربے کو بہتر بنایا جا سکے، ہمارے انسانی وسائل (HR) کے عملیاتی عمل کو زیادہ محفوظ اور مؤثر بنایا جا سکے، اور ہمیں تیز تر جوابات دینے اور ردعمل کے وقت کو بہتر بنانے میں مدد ملے۔مثال کے طور پر، آپ کی تحریر کے مختلف پہلوؤں جیسے وضاحت، اختصار، اور لہجے کو بہتر بنانے کے لیے تحریری ٹولز کا استعمال یا ملازمین کے انسانی وسائل سے متعلق سوالات کے جواب دینے کے لیے چیٹ بوٹ کا استعمال شامل ہو سکتا ہے۔

4.2 ہم آپ سے حاصل کردہ ذاتی معلومات کو ڈیٹا اینالٹکس (تجزیے) کے لیے استعمال کر سکتے ہیں، جس میں پروفائلنگ اور رویے کے تجزیے شامل ہیں، تاکہ ہمارے کاروباری عمل میں تیز تر خودکار فیصلے کیے جا سکیں اور آپ کی ذاتی خصوصیات کا جائزہ لے کر ممکنہ نتائج اور خطرات کی پیش گوئی کی جا سکے۔ ہم یہ یقینی بنائیں گے کہ ایسے خودکار نظاموں کے تحت جو قواعد و ضوابط اپنائے جائیں وہ منصفانہ اور معروضی فیصلے کرنے کے لیے تیار کیے گئے ہوں۔

4.3 آپ پر اثر انداز ہونے والے خودکار فیصلوں سے متعلق اپنے حقوق کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ مہربانی’آپ کے ذاتی ڈیٹا کے تحفظ کے حقوق کیا ہیں؟‘ سیکشن ملاحظہ کیجیے۔

5. ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کا اشتراک کس کے ساتھ کرسکتے ہیں؟

5.1 ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کا اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کے اندر اشتراک کر سکتے ہیں۔ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ آپ کے ذاتی ڈیٹا کو اس رازداری کے نوٹس میں بیان کردہ مقاصد کے لیے اشتراک کر سکتا ہے، جن میں ہمارے سروس فراہم کنندگان، کاروباری شراکت دار، دیگر تیسرے فریقین شامل ہیں اور جیسا کہ قانون کے مطابق ضروری ہو یا کسی قانونی، انضباطی، حکومتی، ٹیکس، قانون نافذ کرنے والے یا دیگر اتھارٹی کی جانب سے درخواست کی گئی ہو۔

5.2 ہم اس بات کی پابندی کرتے ہیں کہ آپ کے ذاتی ڈیٹا کا کس طرح اور کن اداروں اور افراد کے ساتھ اشتراک کیا جائے، اور جب ہم اس ڈیٹا کا اشتراک کرتے ہیں تو اس کی رازداری اور تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مناسب اقدامات بھی کرتے ہیں۔ ذاتی ڈیٹا کا یہ تبادلہ رسائی کی سخت حدود اور اس رازداری کے نوٹس میں بیان کردہ مقاصد کے مطابق عمل درآمد سے مشروط ہوگا۔

5.3 بھرتی کے عمل اور اسٹینڈرڈ چارٹرڈ میں آپ کی ملازمت کے دوران، ہم یہ بات یقینی بنائیں گے کہ تنوع و شمولیتی ڈیٹا تک رسائی صرف اُن افراد تک محدود ہو جو اس رازداری کے نوٹس میں بیان کردہ مقاصد کے لیے استعمال کر رہے ہوں۔ مثال کے طور پر، تنوع اور شمولیتی تجزیاتی ماہرین، تنوع اور شمولیت کی منصوبہ بندی میں معاونت کرنے والے انسانی وسائل (HR) کے ماہرین، اور تنوع اور شمولیت کے حوالے سے خصوصی بھرتی کنندگان شامل ہو سکتے ہیں۔

5.4 ہم اپنے ڈیٹا پروسیسنگ کے مقاصد کے لیے، متعلقہ اور قانون کے تحت دی گئی اجازت کی صورتوں میں، درج ذیل فریقین کے ساتھ آپ کے ذاتی ڈیٹا کا اشتراک کر سکتے ہیں:

- **5.5 اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کے دیگر ارکان**
  - اس میں وہ افراد شامل ہو سکتے ہیں جنہیں بھرتی اور ممکنہ مستقل ملازمت کو تنوع و شمولیت کے اہداف اور حکمتِ عملی سے ہم آہنگ بنانے کی ذمہ داری سونپی گئی ہو۔ اس نوعیت کے ڈیٹا کابعض اوقات انفرادی سطح پر اشتراک کیا جا سکتا ہے، بشرطیکہ یہ استعمال کے مقاصد کے مطابق ہو، تاہم اس ڈیٹا تک رسائی اور اس کا اشتراک سخت پابندیوں کے تحت ہوگا تاکہ اس رازداری کے نوٹس میں بیان کردہ مقاصد کی مکمل تعمیل کی جا سکے۔
  - اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کے اندر انسانی وسائل کی خدمات فراہم کرنے والے دیگر افراد
  - تنوع و شمولیت کے تجزیاتی ماہرین، جن کی ذمہ داری تنوع اور شمولیت سے متعلق ذاتی ڈیٹا کو اکھٹا کرنا، اس کا تجزیہ کرنا، اور مجموعی اور بے نام شکل میں رپورٹنگ کرنا ہے۔
  - تنوع و شمولیت سے متعلق انسانی وسائل (HR) کے ماہرین، جو تنوع اور شمولیت کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات اور منصوبہ بندی میں معاونت فراہم کرتے ہیں۔
  - تنوع و شمولیت کی بنیاد خصوصی بھرتی کنندگان،جنہیں اس بات کو یقینی بنانے کی ذمہ داری سونپی گئی ہو کہ بھرتی کا عمل ہمارے تنوع اور شمولیت اہداف اور حکمت عملی کے مطابق ہو۔

- **5.6 مجاز تیسرے فریق**
  - کوئی بھی دوسرا فرد جسے آپ نے اپنی رضامندی سے ہمارے ساتھ اپنے ذاتی ڈیٹا کا اشتراک کرنے کا اختیار دیا ہو۔

- **5.7 تیسرے فریقین جو آپ کی معلومات کی تصدیق کر سکتے ہیں**
  - سابق آجرین
  - کریڈٹ بیوروز یا کریڈٹ ریفرنس ایجنسیاں (بشمول وہ ادارے جو کریڈٹ ریفرنس ایجنسیوں کے ذریعے استعمال ہونے والے کسی مرکزی ڈیٹا بیس کو چلاتے ہیں)، کریڈٹ پروٹیکشن فراہم کرنے والے ادارے، ریٹنگ ایجنسیاں، قرض وصول کرنے والی ایجنسیاں، دھوکا دہی کی روک تھام کرنے والی ایجنسیاں اور ادارے۔
  - امیگریشن سے متعلق خدمات فراہم کرنے والے

- **5.8 ہمارے سروس پارٹنرز**
  - بھرتی اور عملہ فراہم کرنے والی ایجنسیاں
  - پیشہ ور مشیر، مثلاً آڈیٹرز اور قانونی مشیر
  - بیمہ کنندگان یا بیمہ بروکرز
  - سروس فراہم کنندگان، جیسا کہ آپریشنل، انتظامی، ڈیٹا پروسیسنگ اور دیگر ٹیکنالوجی سروس فراہم کرنے والے (مثال کے طور پرتنخواہ کی پروسیسنگ کرنے والے، مراعات کا نظم و نسق کرنے والے)، بشمول ایسے افراد یا ادارے جنہیں اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کے آپریشنز (بشمول تنوع اور شمولیت کے جاری اقدامات) میں بہتری یا ترقی کے تجزیے اور اُن کے نفاذ کے لیے شامل یا شراکت دار بنایا گیا ہو، یا مصنوعات اور خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے۔

- تنوع و شمولیت کے تجزیاتی ماہرین، جو خصوصی سروس فراہم کنندگان ہوتے ہیں اور جن کی ذمہ داری تنوع اور شمولیت کے متعلق ذاتی ڈیٹا کو اکھٹا کرنا، اس کا تجزیہ کرنا، اور مجموعی اور بے نام بنیاد پر رپورٹنگ کرنا ہوتی ہو۔
- تنوع و شمولیت کے حوالے سے انسانی وسائل کے ماہرین، جو خصوصی سروس فراہم کنندگان ہوتے ہیں اور جن کی ذمہ داریتنوع اور شمولیت کےاقدامات اور منصوبہ بندی میں معاونت فراہم کرنا ہوتی ہے۔
- تنوع و شمولیت کے حوالے سے انسانی وسائل کے ماہرین جنہیں اس بات کو یقینی بنانے کی ذمہ داری سونپی گئی ہے کہ بھرتی ہمارےتنوع اور شمولیت کے اہداف اور حکمت عملی کے مطابق ہو۔
- پیشہ ورانہ خدمات فراہم کرنے والے، جیسا کہ اسکریننگ اور تصدیق کرنے والے، پیشہ ورانہ صحت کی خدمات فراہم کرنے والے، پنشن دینے والے، ملازمت سے پہلے صحت کے ٹیسٹ کرنے والے، مارکیٹکی تحقیق کرنے والے اور مینجمنٹ کنسلٹنٹس۔
- اشتہار ساز کمپنیاں اور سوشل میڈیا پلیٹ فارم فراہم کرنے والے

- **5.9 سرکاری حکام اور قانون نافذ کرنے والے ادارے**
  - اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ مختلف مارکیٹوں اور قانونی عمل داریوں میں کام کرتا ہے۔ اگر کام کے حوالے سے آپ کے فرض منصبی میں سرحد پار سرگرمیاں شامل ہوں، تو ہم آپ کا ذاتی ڈیٹا قانون یا ضوابط کے تقاضے کے تحت یا کسی اتھارٹی کی درخواست پر اشتراک کر سکتے ہیں۔ ان اداروں میں کوئی بھی سرکاری، نیم سرکاری،انضباطی، انتظامی، نگراں ادارہ، عدالت، ٹریبونل، قانون نافذ کرنے والا ادارہ، ایکسچینج باڈی یا ملکی یا غیر ملکی ٹیکس حکام شامل ہو سکتےہیں، جنہیں کسی بھی اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کے رکن پر اختیار حاصل ہو — خواہ وہ آپ کے دائرہ اختیار میں ہو یانہ ہو، اور خواہ اس اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ رکن کا آپ کے ساتھ ملازمت یا شراکت کا تعلق ہو یا نہ ہو۔

- **5.10 مالیاتی انجمنیں، خود انضباطی اور صنعتی ادارے**
  - جیسا کہ آپ کے فرض منصبی سے متعلق ضروری ہو، مالیاتی انجمنوں، خود انضباطی اداروں، صنعت سے وابستہ انجمنوں یا مالیاتی خدمات فراہم کرنے والوں کی کی انجمنوں کے ساتھ اور کسی بھی متعلقہ دائرہ اختیار میں جہاں اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کام کرتا ہو۔

- **5.11 دیگر تیسرے فریقین**
  - تیسرے فریقین، اگر انضمام، حصول یا کسی کاروباری حصے کی فروخت کی صورت ہو: اگر ہم اپنے کاروبار یا اثاثوں کے کسی حصے کو منتقل کریں (یا منتقل کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں)، تو متعلقہ فریق آپ کی ذاتی معلومات کو اسی طریقے سے استعمال یا افشا کر سکتا ہے جیسا کہ اس رازداری کے نوٹس میں بیان کیا گیا ہے، اور بعد میں وہ آپ کو اس حوالے سے کسی بھی تبدیلی سے آگاہ کرے گا جو وہ آپ کے ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے طریقے میں کر سکتے ہیں۔
  - کوئی اور شخص جو ہمارے لیے راز داری کا پابند ہو، بشمول اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کے دیگر ارکان، جنہوں نے ان معلومات کو خفیہ رکھنے کا عہد کیا ہو۔

6. ہم آپ کا ذاتی ڈیٹا کہاں منتقل کرتے ہیں؟

6.1 آپ کا ذاتی ڈیٹا اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کے اندر یا دیگر تیسرے فریقین کے ساتھ، اس رازداری کے نوٹس میں بیان کردہ مقاصد کے لیے استعمال، محفوظ، اشتراک، منتقل یا افشا کیا جا سکتا ہے۔ قطع نظر اس کے کہ آپ کی ملازمت کی جگہ کہاں ہے، ہم ایسا اس لیے کرتے ہیں کہ اپنے کاروباری عمل کو بہتر بناسکیں، اس کے لیے معاونت اور سہولت فراہم کر سکیں، اور قانونی و ضوابط کے تقاضوں کی تعمیل کر سکیں۔اس میں ممکن ہے کہ آپ کا ذاتی ڈیٹا سرحد پار دیگر عمل داریوں میں استعمال، محفوظ، اشتراک، منتقل یا افشا کیا جائے۔مثال کے طور پر، اگر آپ بھرتی کے عمل کے دوران تنوع و شمولیت کا ڈیٹا فراہم کرتے ہیں اور بعد ازاں اسٹینڈرڈ چارٹرڈ کے ملازم بن جاتے ہیں، تو تنوع اور

شمولیت کے حوالے سے متعلقہ ڈیٹا ہمارے مرکزی ایچ آر سسٹم میں مذکورہ مقاصد کے لیے منتقل کر دیا جائے گا۔

6.2 جب آپ کے ذاتی ڈیٹا کے وصول کنندگان پاکستان سے باہر کی عمل داری میں ہوں، اور وہاں کے مقامی قوانین پاکستان جیسے ڈیٹا کے تحفظ کے قوانین نہ رکھتے ہوں، تو ہم یہ یقینی بنانے کے لیے تمام معقول اقدامات کریں گے کہ آپ کے ذاتی ڈیٹا کو مناسب تحفظ اور حفاظتی اقدامات حاصل ہوں تاکہ قابلِ اطلاق قوانین کی مکمل تعمیل کی جا سکے۔

7. ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کی حفاظت کس طرح کرتے ہیں؟

7.1 ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کی رازداری اور تحفظ کو نہایت سنجیدگی سے لیتے ہیں۔ آپ کے ڈیٹا کے تحفظ کے لیے، ہم نے متعدد مناسب تکنیکی، طبعی اور ادارتی اقدامات کیے ہیں تاکہ آپ کے ذاتی ڈیٹا کو محفوظ اور رازداری میں رکھا جا سکے۔ مثال کے طور پر، تیسرے فریقین کے ساتھ معاہدوں میں ہم رازداری، ڈیٹا کے تحفظ اور سلامتی سے متعلق مناسب شرائط شامل کرتے ہیں۔اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ نے معلوماتی تحفظ اور ڈیٹا کی رازداری سے متعلق پالیسیاں نافذ کی ہیں، جن میں واقعات کی رپورٹنگ اور ان کا نظم و نسق، اصول، اور تکنیکی اقدامات شامل ہیں تاکہ ذاتی ڈیٹا کو محفوظ رکھا جا سکے اور قانونی و انضباطی تقاضوں کی تعمیل کو یقینی بنایا جا سکے۔ ہم اُن ساتھیوں کو تربیت دیتے ہیں اور اس بات کا پابند کرتے ہیں جو آپ کے ذاتی ڈیٹا تک رسائی رکھتے ہیں کہ وہ ہماری ڈیٹا کی رازداری اور سلامتی کے معیارات پر پوری طرح سے عمل کریں۔

7.2 ہم اپنے سروس فراہم کنندگان یا دیگر تیسرے فریقین سے، جن کے ساتھ ہم کام کرتے ہیں اور جنہیں ہم آپ کا ذاتی ڈیٹا افشا کرتے ہیں، یہ تقاضا کرتے ہیں کہ جب وہ آپ کے ذاتی ڈیٹا تک رسائی حاصل کرتے ہیں یا اسے استعمال کرتے ہیں، تو وہ رازداری، ڈیٹا کی رازداری اور سلامتی کے لیے ایسے ہی معیارات اور اقدامات نافذ کریں جیسا کہ ہم کرتے ہیں۔

8 . ہم آپ کا ذاتی ڈیٹا کب تک محفوظ رکھتے ہیں؟

اس رازداری کے نوٹس میں بیان کردہ مقاصد کے لیے، ہم آپ کا ذاتی ڈیٹا کاروباری عمل یا قانونی وجوہات کی بنا پر اُس وقت تک محفوظ رکھتے ہیں جب تک آپ ہمارے ساتھ منسلک رہتے ہیں۔اسے بعد میں بھی کچھ مدت کے لیےمحفوظ رکھا جا سکتا ہے، جیسا کہ ہمارے گروپ ریکارڈز کیپنگ اسٹینڈرڈ اور قابلِ اطلاق قوانین و ضوابط کے تحت درکار ہوجب ہمیں آپ کے ذاتی ڈیٹا کی مزید ضرورت نہ ہو یا اسے محفوظ رکھنے کا کوئی قانونی جواز باقی نہ رہے، تو ہم اسے حذف ، بے نام، تباہ اور/یا اُس کا استعمال ختم کر دیں گے۔

9 . ذاتی ڈیٹا کے تحفظ کے حوالے سے آپ کےحقوق کیا ہیں؟

9.1 ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کا احترام کرتے ہیں، اور اس حوالے سے آپ کو درج ذیل حقوق حاصل ہیں کہ ہم آپ کی معلومات کو کس طرح استعمال کرتے ہیں:

- **اپنے ڈیٹا کو درست کرنے کا آپ کا حق** – اگر آپ کی ذاتی معلومات میں تبدیلی آئی ہے، یا آپ سمجھتے ہیں کہ ہمارے پاس آپ کے بارے میں غلط یا پرانی معلومات موجود ہیں، تو آپ ہم سے اُن معلومات کو اپ ڈیٹ کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔
- **آپ کا حق رضامندی نہ دینے، اسے تبدیل کرنے یا واپس لینے کا** – آپ کے ذاتی ڈیٹا کو استعمال کرنے کے لیے ہم وقتاً فوقتاً آپ کی رضامندی طلب کر سکتے ہیں ۔ آپ اس قسم کی رضامندی نہ دینے کا انتخاب کر سکتے ہیں یا اگر آپ پہلے دی گئی رضامندی کے بارے میں اپنا فیصلہ بدل لیں تو کسی بھی وقت ہمیں آگاہ کر سکتے ہیں۔
- **ٹیلی کمیونیکیشن ریگولیٹر اور عدالت سے رجوع کرنے کا حق –** اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ نے ہمیں اپنا ذاتی ڈیٹا استعمال کرنے کی رضامندی نہیں دی ہے، تو آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ ٹیلی کمیونیکیشن ریگولیٹر یا متعلقہ قانون نافذ کرنے والے اداروں سے رجوع کریں تاکہ وہ آپ کے ذاتی ڈیٹا کو محفوظ بنانے، اسے تلف کرنے، اس تک رسائی روکنے یا اس کی ترسیل کو روکنے کرنے کے اقدامات کریں۔

9.2 ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا سے متعلق حقوق کے استعمال کی درخواستوں کا جواب قابلِ اطلاق قانون کے مطابق دیں گے۔ آپ کی درخواست پر کارروائی کرنے سے پہلے، ہم آپ سے آپ کی شناخت کی تصدیق کرنے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔اگر آپ کو اپنے حقوق کے بارے میں کوئی سوال ہو تو براہِ مہربانی نیچے دی گئی تفصیلات کے ذریعے ہم سے رابطہ کریں۔

9.3 یہ ضروری ہے کہ ہمارے پاس موجود آپ کا ذاتی ڈیٹا درست اور تازہ ترین ہو۔ براہِ کرم اپنی ملازمت یا وابستگی کے دوران اگر آپ کی ذاتی معلومات میں کوئی تبدیلی ہوئی ہے تو ہمیں مطلع کریں۔ آپ ہمارے ایچ آر سیلف سروس پورٹل کے ذریعے یا OneSC کے ذریعے بھی اطلاع دے سکتے ہیں۔اگر آپ کے ذہن میں اپنے حقوق کے بارے میں کوئی سوال ہو تو براہِ کرم OneSC میں درج کریں۔اگر آپ سابق ملازم کی حیثیت سے ہم سے رابطہ کر رہے ہیں تو براہِ مہربانی ہمیں درج ذیل ای میل پر لکھیں: AskHR@sc.com -

9.4 ہم آپ کی شناخت کی تصدیق کے لیے آپ سے کچھ مخصوص معلومات طلب کر سکتے ہیں، تاکہ آپ کے ذاتی ڈیٹا سے متعلق حقوق کے استعمال کی درخواست پر قابلِ اطلاق قانون کے مطابق کارروائی کر سکیں۔قابلِ اطلاق قانون ہمیں اجازت دے سکتا ہے یا بعض صورتوں میں پابند کر سکتا ہے کہ ہم آپ کو آپ کے تمام یا کچھ ذاتی ڈیٹا تک رسائی نہ دیں، یا یہ ممکن ہے کہ ہم نے آپ کا ذاتی ڈیٹا اپنے ریکارڈ رکھنے کے ضوابط اور طریقہ کار کے مطابق تلف، حذف یا بے نام کر دیں۔اگر ہم آپ کو آپ کے ذاتی ڈیٹا تک رسائی دے نہیں سکتے ہیں، تو ہم آپ کو اس کی وجوہات سے آگاہ کریں گے، بشرطیکہ اس پر کوئی قانونی یا انضباطی پابندی نہ ہو۔بطور ساتھی ملازم، آپ کے اپنے حقوق کے استعمال سے آپ کے خلاف کوئی انتقامی کارروائی یا منفی اثرات مرتب نہیں ہوں گے۔
اپنے ذاتی ڈیٹا سے متعلق ڈیٹا سبجیکٹ ریکویسٹ جمع کروانے کے لیے، براہ کرم اس فارم کو مکمل کریں۔

10. رابطہ کیسے کریں؟

پاکستان میں،اسٹینڈرڈ چارٹرڈ گروپ کی درج ذیل کمپنی آپ کے ذاتی ڈیٹا کے کنٹرولر کے طور پر کام کرتی ہے:

اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ

اگر آپ کے پاس اس رازداری کے نوٹس کے بارے میں کوئی سوالات ہیں یا ذاتی ڈیٹا کے تحفظ کے حوالے سے کسی بھی حق یا حقوق کا استعمال کرنا چاہتے ہیں تو، آپ ہمارے ڈیٹا پرائیویسی آفیسر سے رابطہ کرسکتے ہیں:

کلائنٹ کیئر یونٹ
اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ
پہلی منزل،این جے آئی بلڈنگ
آئی آئی چندریگر روڈ ،کراچی -
فون: 111-002-002
ای میل: Complaints.Pakistan@sc.com

اگر آپ موجودہ ساتھی ہیں تو، براہ مہربانی OneSC پر معاملے کو اُٹھائیے۔ اگر آپ ہمیں ایک سابق ساتھی کی حیثیت سے لکھ رہے ہیں تو، براہ مہربانی AskHR@sc.com پر لکھیے۔

10.1 اگرآپ کو کوئی شکایت ہے

اگر آپ کو اس بات پر کسی قسم کے اندیشے یا شکایات ہیں کہ ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کو کس طرح استعمال کر رہے ہیں، تو براہ مہربانی ہم سے رابطہ کیجیے۔ آپ متعلقہ شاخ یا اپنے ریلیشن شپ منیجر سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں یا ہمارے ڈیٹا پرائیویسی آفیسر سے بات کر سکتے ہیں۔

10.2 دیگر شرائط و ضوابط

ہمارے اندرونی بھرتی کے عمل میں کچھ مخصوص شرائط و ضوابط ہو سکتی ہیں جو آپ کے ذاتی ڈیٹا کے اکھٹا کرنے، استعمال کرنے اور افشا کرنے کو منظم کرتی ہیں۔ اس طرح کی دیگر شرائط و

ضوابط کو بھرتی سے متعلق رازداری کے نوٹس کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے، جو درج ذیل لنک پر دستیاب ہے:
https://www.sc.com/pk/privacy-notice

10.3 رازداری کا یہ نوٹس 30 مئی 2025 کو اپ ڈیٹ کیا گیا ۔